# آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر
## سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ
## (شعبہ اکاؤنٹس)

**عنوان:۔** **ری ٹینڈر نوٹس نسبت فراہمی سٹیشنری آئٹمز برائے مالی سال 27-2026ء۔**

سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کو مالی سال 27-2026 کے لیے تفصیل ذیل سٹیشنری آئٹمز، ٹونرز (فیکس مشین، فوٹوسٹیٹ مشین، کمپیوٹرز پرنٹرز) کے لیے جنرل سیلز ٹیکس رجسٹرڈ فرموں سے FOR مظفرآباد کی بنیاد پر سنگل اسٹیج، سنگل اینویلپ (Envelope) کے طریقہ کار کے تحت لاٹ وائز/آئٹم وائز درج ذیل شرائط پر سر بمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ انرخ آئٹیم وائز دینا ہوں گے اور ہر آئٹیم پر ریٹ دینا لازم ہوگا۔ ٹینڈر 21 ستمبر 2026ء بوقت 11:00 بجے دن زیر دستخطی کے دفتر واقع سول سیکرٹریٹ چھتر دومیل میں وصول کیے جائیں گے۔ مقررہ تاریخ و وقت کے بعد کوئی ٹینڈر وصول نہ کیا جائیگا۔ ٹینڈر اسی روز بوقت 11:30 بجے دن ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

| نمبر شمار | تفصیل | تعدادی |
|---|---|---|
| 01 | سٹیشنری (61 آئٹمز) **''لاٹ نمبر 01''** | بمطابق تصریحات |
| 02 | ٹونرز (28 ماڈلز) **''لاٹ نمبر 02''** | 222 عدد |

## شرائط:۔

-1 ٹینڈر مالی سال 27-2026 میں **''کلوز فریم ورک ایگریمنٹ''** کے تحت عمل میں لایا جائے گا۔ ٹینڈر میں دیے گئے انرخ رواں مالی سال کے اختتام 30 جون 2027ء تک لاگو رہیں گے اور اس عرصہ کے دوران انرخ میں اضافہ قابل قبول نہ ہوگا۔ نیز ٹینڈر دہندگان منظور شدہ انرخ و تصریحات رسپلائی کے مطابق سٹیشنری فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔

-2 تمام اشیاء کے نمونہ جات ٹینڈر کے ہمراہ فراہم کرنے کی صورت میں ٹینڈر قابل قبول ہوگا اور کامیاب ٹینڈر دہندہ کے علاوہ، باقی فرم ہا کے نمونے قابل واپسی ہوں گے۔

-3 ٹینڈر کے ہمراہ مبلغ -/100000 (ایک لاکھ) روپے بطور زرضمانت بشکل کال ڈیپازٹ بنام ڈی ڈی او محکمہ سروسز فراہم کرنا ہوگی بصورت دیگر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

-4 تمام اشیاء کے انرخ مطابق تصریحات فراہم کیئے جانے ہوں گے۔

-5 مجاز اتھارٹی ایک یا تمام ٹینڈرز (AJK-PPRA) رولز 2017ء کے قاعدہ 33 کے تحت مسترد کرنے کی مجاز ہوگی۔

-6 کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ٹینڈر مالیت کے 01% فیصد رقم بطور پرفارمنس سکیورٹی دینا لازمی ہوگی۔

-7 سٹیشنری اشیاء، ٹونرز کی فہرست معہ بڈنگ ڈاکومنٹس محکمہ سروسز (شعبہ اکاؤنٹس) سے دفتری اوقات کار کے دوران تحت ضابطہ بالعوض مبلغ 1500 روپے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ کاغذ 500 شیٹ کی پیکنگ میں فراہم کرنا ہونگے۔

-8 ٹینڈر فارم کے حصول کے لیے دی گئی درخواست کے ہمراہ انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل شامل کرنا لازمی ہوگی۔ بصورت دیگر ٹینڈر فارم کا اجراء نہیں کیا جائیگا۔

-9 اشیاء کی خریداری میں بمطابق (PPRA) قواعد 2017ء قاعدہ 42c(iv) کے تحت کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔

-10 بلات پر آزاد کشمیر میں مروجہ قواعد کے تحت جملہ ٹیکسز لاگو ہوں گے۔ نیز اشیاء رسامان کے لیے کسی قسم کی پیشگی ادائیگی عمل میں نہیں لائی جائیگی۔

-11 اشتہار ہذا AJK-PPRA Website پر موجود ہے اور (www.ajkppra.gov.pk) سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

-12 اشتہار ہذا کی بڈ ایویلیوایشن رپورٹ اور ایوارڈ آف کنٹریکٹ بھی (AJK-PPRA Website) پر اپ لوڈ کیے جائیں گے۔

-13 فرم ہا ضمانت کے طور پر ٹینڈر کے ہمراہ بیان حلفی نسبت (نان بلیک لسٹنگ، ٹیکس نادہندگان) شامل کرنے کی پابند ہوں گی۔

والسلام

نگران شعبہ (اکاؤنٹس)
ٹیلیفون نمبر: 05822-924368